شیل پاکستان لمیٹڈ

سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شیل پاکستان لمیٹڈ کے 54ویں سالانہ اجلاسِ عام ('اے جی ایم') کا انعقاد بروز جمعرات 04 مئی 2023ء صبح ساڑھے دس بجے میریٹ (Marriott Hotel) کراچی میں، اور ویڈیو کانفرنس سہولت کے ذریعے ورچوئل طور پر کیا جائے گا، جس میں مندرجہ ذیل امور پر بات چیت کی جائے گی:

1. 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ساتھ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔
2. 31 دسمبر 2023ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا
3. غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے مورخہ 21 مارچ 2023ء کو جاری کردہ ایس آر او 389/(I)/2023 کے تقاضوں کو پورا کرنا، نیز اس مقصد کے لیے اس نوٹس کی ایک نقل کے ساتھ ارکان کو بھیجے گئے مادی حقائق کے بیان میں طے کردہ قرارداد کو منظور کرنا۔
4. غور کرنا اور اگر مناسب ہو تو، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (ضوابطِ انجمن) میں ترمیم کرنا اور اس مقصد کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا:

طے پایا گیا کہ خصوصی قرارداد کے ذریعے کمپنی کی ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز میں مندرجہ ذیل ترمیم کی گئی ہے:

(a) موجودہ آرٹیکل 95 کی جگہ مندرجہ ذیل نئے آرٹیکل کی شمولیت:

.95 کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور اکثریتی ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔

(b) موجودہ آرٹیکل 118 کی جگہ مندرجہ ذیل نئے آرٹیکل کی شمولیت:

.118 کمپنی، ڈائریکٹران کی سفارش اور منظوری پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر ڈیویڈنڈ کے ذریعے تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔

5. کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعات کے مطابق 13 جون 2023ء سے تین سال کی مدت کے لیے دس (10) ڈائریکٹران کا انتخاب کرنا۔

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

زین کے حق	رفیع ایچ بشیر	بدرالدین الف ویلانی	عامر آر پراچہ	مدیحہ خالد
ظفر اے خان	پرویز غیاث	جون کنگ چونگ لو	ضرار محمود	عمران آر ابراہیم

6. وہ ایگزیکٹو ڈائریکٹران جو کمپنی کے کُل وقتی ڈائریکٹران ہیں، ان کو کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)134 اور (3)166 کے تحت مطلوبہ مادی حقائق کا بیان اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

بحکم بورڈ

کراچی:
15 مارچ 2023ء

لالہ رُخ حُسین۔ شیخ
سیکریٹری

نوٹس:

(i) 27 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2023ء (بشمول یہ دونوں دن) تک ارکان کے کھاتے (registers) بند رہیں گے۔ 26 اپریل 2023ء کو کاروباری دن کے اختتام پر ہمارے حصص کے رجسٹرار (Share Registrars) آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل کراچی-75400 پر موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ووٹ کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

(ii) ارکان خود یا کمپنی کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لیے ارکان کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس، اور اپنے نام پر موجود شیئرز کی تعداد کو ذیل کے پتے پر ای میل کر دیں۔ SHELLPK-CompanySec@shell.com، جبکہ ای میل کا سبجیکٹ یہ ہوگا "Registration for SPL's AGM"۔

(iii) اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا اختیار رکھنے والے رکن کو اجلاس میں بذات خود (in-person physically) یا اپنی جگہ کسی اور شخص کو بطور نمائندہ تعینات کرنے کا حق حاصل ہوگا، نمائندہ اجلاس میں شرکت یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتا ہے۔ نمائندے پول طلب کرنے یا کسی طلب کی ہوئی پول میں شرکت کرنے اور ووٹ دے سکتے ہیں۔ اجلاس میں بذات خود یا ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شریک ہونے کے لیے پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا ضروری ہیں۔

نمائندے کے ای میل ایڈریس اور متعلقہ معلومات (حسبِ ذیل) کے ساتھ نمائندے کو مجاز بنانے کے لیٹر کی دستخط شدہ اسکین نقل کے ذریعے بھی نمائندے کو متعین کیا جا سکتا ہے، جسے SHELLPK-CompanySec@shell.com پر ای میل کیا جائے گا۔ نمائندے کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔

(iv) اراکین کو بھیجے جانے والے اجلاس کے نوٹس کے ساتھ نمائندے کا فارم بھی منسلک ہے۔

(v) صرف انھی اراکین/نمائندوں کو میٹنگ میں بذات خود شرکت یا وڈیو لنک کے ذریعے شرکت (لاگ ان کی معلومات کے ساتھ) کی تصدیقی ای میل بھیجی جائے گی جن کی ای میلز درکار کوائف کے ساتھ دیے گئے پتے پر 02 مئی 2023ء کے یومِ کار کے اختتام (شام 5 بجے) تک/ سے قبل موصول ہو جائیں گی۔ شیئر ہولڈر زاے جی ایم کے ایجنڈے سے متعلق اپنی رائے اور سوالات کا اظہار اس ای میل ایڈریس پر کر سکتے ہیں: SHELLPK-CompanySec@shell.com

(vi) فزیکل شیئرز کے حامل ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار آفس، فیمکو (FAMCO) ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8-ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی-75400 پر فوری طور پر اطلاع دیں۔

(vii) اراکین یا ان کے نمائندوں کے لیے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ عام اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے شرکت کی شناخت (ID) اور اکاؤنٹ نمبر (نمبروں) کے ساتھ اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ضروری ہے۔

(viii) 31 دسمبر 2022ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ کھاتے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دی گئی ہے۔

(ix) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے تحت، کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2022ء کو الیکٹرانک طور پر ای میل کے ذریعے ان شیئر ہولڈرز کو بھیجا ہے جن کے ای میل پتے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔ ان صورتوں میں، جب کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جن ارکان کے ای میل ایڈریس دستیاب نہیں ہیں، انھیں سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپیاں بھیج دی گئی ہیں۔ کمپنی کسی بھی رکن کو اس کی درخواست پر سالانہ رپورٹ کی نقول درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

(x) کمپنی (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے تحت، ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، مذکورہ ضوابط کی ضروریات اور طریقہ کار کے مطابق بذریعہ پوسٹ یا کسی بھی الیکٹرانک موڈ کے ذریعے۔ اس کی تفصیلات بعد میں فراہم کی جائیں گی۔

(xi) فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کے لیے خصوصی نوٹس کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کے مراسلہ نمبر CSDCSD/ED/Misc./2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021ء کے تحت فہرستی کمپنیوں کے لیے اپنے جاری کردہ موجودہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ مندرجہ بالا تقاضے کو مدنظر رکھتے ہوئے، فزیکل فولیو/شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے سے شیئر ہولڈرز کو کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، یعنی شیئرز کی محفوظ تحویل، فوری فروخت اور شیئرز کی خریداری کے لیے آسانی سے دستیاب مارکیٹ، نقصان اور خسارے کے خطرے کو ختم کرنا۔ فزیکل شیئرز کے مقابلے میں کم رسمی کارروائیوں کے ساتھ آسان اور محفوظ منتقلی۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے میں مدد کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

(xii) ڈائریکٹرز کے عہدے کے لیے الیکشن لڑنے کے خواہشمند کسی بھی شخص کو، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا بصورتِ دیگر، کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے مذکورہ میٹنگ کی تاریخ سے چودہ دن پہلے کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 159 (3) کے مطابق کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں درج ذیل دستاویزات جمع کروانا ہوں گی:

(الف) کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 167(1) کے تحت فارم 28 میں بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔
(ب) ایس ای سی پی ایس آر او 2019/(1)/1196 بتاریخ 03 اکتوبر 2019ء کے مطابق الیکشن کی تاریخ سے سات دن پہلے کمپنی کی ویب سائٹ پر لیے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل اپ لوڈ کی جائے
(ج) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء، کمپنیز ایکٹ، 2017ء اور کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے کسی دوسرے قابل اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کا اقرار نامہ۔

مادی حقائق کا بیان کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 134(3) اور 166(3) کے تحت درکار

ایجنڈا آئٹم نمبر 3- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 389/(I)/2023 کے تقاضوں کو پورا کرنا

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے تجویز دی ہے کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 389/(I)/2023 کے تقاضوں کے مطابق، سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک جو اجلاسِ عام کے نوٹس میں شامل کیے جائیں گے، کے ذریعے بھیجنے کے لیے شیئر ہولڈرز کی منظوری لی جائے گی۔

اس مقصد کے لیے، تجویز دی جاتی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں درج ذیل قرارداد منظور کی جائے:

طے پایا گیا کہ کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او 389/(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023ء کے تقاضوں کے مطابق سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور متعلقہ دستاویزات (سالانہ رپورٹ میں شامل) ایک QR فعال کوڈ اور ویب لنک، جنرل میٹنگ کے نوٹس میں شامل ہیں، کے ذریعے ارکان کو بھیجے جائیں گے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 4- کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن (ضوابطِ انجمن) میں ترمیم کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017ء میں کی گئی حالیہ ترمیم اور کمپنیز (شیئرز کے مزید اجراء) کے ضوابط 2020ء کے مطابق بنانے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 95 اور آرٹیکل 118 میں تبدیلی کی سفارش کی ہے۔

اس مقصد کے لیے تجویز دی گئی ہے کہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام کے نوٹس میں درج قرارداد کو خاص قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے۔

بورڈ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ مجوزہ تبدیلیاں ان کے علم اور یقین کے مطابق قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کی قابل اطلاق دفعات کے مطابق ہیں۔

کمپنی کے ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز کی موجودہ اور ترمیم شدہ شق مندرجہ ذیل ہیں:

موجودہ آرٹیکل 95	آرٹیکل 95 میں مجوزہ ترمیم
.95 " کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور تمام ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔"	.95 " کوئی قرارداد، جو ایکٹ کے سیکشن 183 میں بیان کردہ کسی بھی معاملے کے سلسلے میں طے پائی گئی قرارداد کے علاوہ ہو، اور جو ڈائریکٹران یا ڈائریکٹران کی کسی کمیٹی کے اجلاس کے بغیر منظور کی گئی ہو اور **بتمام اکثریتی** ڈائریکٹران (یا ان کی غیر موجودگی میں ان کے متبادل ڈائریکٹران) کی تحریری تائید کی حامل ہو، درست اور مؤثر سمجھی جائے گی، جیسے کہ اسے ڈائریکٹران کے اجلاس میں منظور کیا گیا ہو، یا جیسا کہ اس کا معاملہ ایسی کمیٹی کا ہو، جسے مناسب طور پر بلایا گیا ہو یا تشکیل دیا گیا ہو۔ اس طرح کی قرارداد ایک دستاویز یا اسی طرح کی متعدد دستاویزات پر مبنی ہو سکتی ہے جس پر ایک یا زیادہ ڈائریکٹران یا متعلقہ کمیٹی کے اراکین کے دستخط ہوں۔ اس قرارداد کا تعین کرنے والی کسی دستاویز کا فیکس یا ای میل ٹرانسمیشن جس پر کسی ڈائریکٹر یا کمیٹی کے رکن کے دستخط ہوں، اسے آرٹیکل کے مقاصد کے مطابق اس کی دستخط شدہ دستاویز تصور کیا جائے گا۔"

موجودہ آرٹیکل 118	آرٹیکل 118 میں مجوزہ ترمیم
.118 " کمپنی، اجلاسِ عام میں ڈائریکٹران کی سفارش پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر ڈیویڈنڈ کے ذریعے تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔"	.118 " کمپنی، **اجلاسِ عام میں** ڈائریکٹران کی سفارش اور **منظوری** پر یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ رقم کے کسی بھی حصے کو وقتی طور پر کریڈٹ یا کمپنی کے کسی بھی ریزرو اکاؤنٹس یا منافع اور نقصان کے اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں جمع کیا جائے، یا بصورت دیگر تقسیم کے لیے دستیاب ہو، اور اس کے مطابق ایسی رقم، اگر ڈیویڈنڈ کے ذریعے تقسیم کی جائے اور اسی تناسب میں، تو ان ارکان میں تقسیم کے لیے دستیاب ہو جو اس کے حق دار ہوں گے، اس شرط پر کہ اسے نقد ادا نہ کیا جائے بلکہ اس کا اطلاق کمپنی کے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز یا الاٹ کیے جانے والے ڈی بینچرز کی ادائیگی کے لیے، ایسے ارکان کو مذکورہ بالا تناسب سے جیسا کہ مکمل طور پر ادا کیا گیا ہے، اور ڈائریکٹرز ایسی قرارداد کا نفاذ کریں گے۔"

ایجنڈا آئٹم نمبر 5- ڈائریکٹران کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") کے سیکشن (3) 166 کی شرط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے بلائے گئے اجلاسِ عام کے نوٹس میں مادی حقائق کا ایک بیان لازمی منسلک کیا جائے گا جس میں آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کا جواز بیان کیا گیا ہو۔

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹران کے عہدے کی میعاد 12 جون 2023ء کو ختم ہو رہی ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء ("ایکٹ") کے سیکشن (1) 159 کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز نے سالانہ اجلاسِ عام میں تین سالہ مدت کے لیے منتخب ہونے کے لیے ڈائریکٹران کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے۔ موجودہ ڈائریکٹران کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہونے کے باعث اس میں شرکت کے خواہش مند ہیں۔

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کے سیکشن 159 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کے سیکشن 166(2) اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) کے ضوابط 2018ء کے تحت طے شدہ معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔ اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے توثیق شدہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیر انتظام آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں ان کا نام شامل ہو۔ مزید برآں، ان کا انتخاب ان کی متعلقہ صلاحیتوں، مہارت، علم اور تجربے کی وجہ سے کیا جائے گا۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں آزاد ڈائریکٹر کے طور پر حصہ لینے کا ارادہ رکھنے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

الف) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019ء کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کا اقرار نامہ؛ اور
ب) غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر یہ عہد کرنا کہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز، 2018ء کے ضابطے (1)4 کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔

ایجنڈا آئٹم نمبر 6- کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (i)(c)(1)171 کی شرط کے مطابق، اجلاسِ عام میں ارکان کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو اپنے عہدے کا معاوضہ لینے کا اختیار دیں۔ اس مقصد کے لیے تجویز دی جاتی ہے کہ درج ذیل قرارداد پر ایک عام قرارداد کے طور پر غور کیا جائے اور منظور کیا جائے:

طے پایا گیا ہے کہ کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول متبادل ڈائریکٹرز) اپنے متعلقہ خدمت کے معاہدوں کے تحت کمپنی کے ایگزیکٹوز کے طور پر اپنے متعلقہ معاوضے کا حق رکھنے کے مجاز ہیں اور انہیں ان کے متعلقہ خدمت کے معاہدوں اور کمپنی کے قابل اطلاق سروس رولز کے تحت حاصل ہونے والے فوائد کی اجازت دی جائے گی۔

مزید یہ طے کیا گیا کہ معاوضے کے حامل مذکورہ اسامیوں میں سے کسی کے خالی ہونے کی صورت میں، یہاں دی گئی منظوری اس آسامی کو پُر کرنے کے لیے مقرر کردہ کسی دوسرے شخص پر بھی یکساں طور پر لاگو ہوگی۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا خصوصی امور میں کوئی براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے، ماسوا یہ کہ وہ کمپنی کے رکن ہیں۔

شیل ہاؤس
6، چوہدری خلیق الزماں روڈ،
کراچی-75530